# گروپ انشورنس پلان

## Group Insurance Plan

ای ایف یو گروپ پاکستان میں سب سے بڑا انشورنس گروپ ہے جو انشورنس کی خدمات کی ایک مکمل دائرہ کار مہیّا کرتا ہے، بالفاظ دیگر، جنرل انشورنس، بیمہ زندگی اور صحت کی نگہداشت کا بیمہ، ای ایف یو کی تاریخ کا آغاز ۱۹۳۲ء سے ہوتا ہے جب یہ کمپنی کلکتہ، ہندوستان میں قائم کی گئی تھی، پاکستان بننے کے بعد، ای ایف یو (کمپنی اس نام سے مقبول اور پہچانی جاتی ہے) پاکستان منتقل ہوگئی اور خود کو تیزی سے ملک کی ممتاز انشورنس کمپنی کے طور پر قائم کرلیا، ۱۹۶۱ء تک ای ایف یو نہ صرف پاکستان میں بلکہ، جاپان کے علاوہ، تمام افروایشیا میں سب سے بڑی انشورنس کمپنی تھی،

ای ایف یو لائف نجی سیکٹر میں پہلی لائف انشورنس کمپنی تھی جس نے ، ۱۹۹۲ء میں حکومت پاکستان کی نجی انشورنس کمپنیوں کو پاکستان میں کاروباری امور کی دوبارہ اجازت دئے جانے کے بعد، کان شروع کیا، بعدازاں ای ایف یو گروپ نے ایلائنز آف جرمنی سے، جو دنیا کی بڑی انشورنس کمپنیوں میں سے ایک ہے، ایک دوطرفہ معاہدہ کیا، جس سے ای ایف یو کے ایک نئے نام نے جنم لیا، ہیلتھ کیئر پرووائڈر، ایلائنز ای ایف یو Allianz EFU

ای ایف یو لائف افراد، گروپس اور بینکوں کیلئے بیمہ حیات کی خدمات مہیّا کرنے میں ممتاز حیثیت رکھتی ہے، یہ پاکستان میں پہلی لائف انشورنس کمپنی ہے جسکو ISO9001:2000 سرٹیفیکیشن کا اعزاز حاصل ہے اسی کے ساتھ ساتھ واحد انشورنس کمپنی ہے جو جاپان کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی سے الحاق شدہ، JCR-VIS، سے، "Insurer Financial Strength" ریٹنگ کی حامل ہے جو موجودہ طور پر AA-,Outlook: Stable ہے،

ای ایف یو لائف کو ماہرین کی ایک ٹیم چلاتی ہے جو بین الاقوامی طور پر لائف انشورنس کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں، اس سے کمپنی کو پاکستان میں ایک ایسے پیشہ ورانہ کلچر کو قائم کرنے میں مدد ملی جو لائف انشورنس کے کاروباری دنیا میں منفرد ہے، ای ایف یو کا دوسرا منفرد فیچر ہے، کمپنیوں کو اپنے امور پر نظر رکھنے کیلئے، بین الاقوامی پیشہ ورانہ شہرت کے حامل افراد کے ذریعے، رضا کارانہ نظر ثانی کا میکینزم، اس آزادانہ نظر ثانی سے کمپنی کو صنعت میں ہونے والی بین الاقوامی تبدیلیوں سے آگاہی حاصل ہوتی ہے اور اس سے یہ یقین بھی حاصل ہوتا ہے کہ انتظامیہ بہترین بین الاقوامی طریقوں کو اپنائے،

ای ایف یو لائف پروڈکٹس کا ایک بہت ہی جامع دائرہ کار رکھتا ہے جو بین الاقوامی مارکیٹ میں دستیاب مالی سروسز کی شدید چھان بین اور تحقیق کے بعد تیار کیا گیا ہے، یہ پروڈکٹس ای ایف یو لائف کے صارفین کی بدلتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے تشکیل دی گئی ہیں اور مالی سروسز میں سب سے بہترین خدمات پیش کرتی ہیں،

### گروپ لائف

ملازمین کو ادارے کے لئے برقرار رکھنا اور ان میں بہتر کرنے کی تحریک پیدا کرنا شاید وہ کلیدی چیلنجز ہیں جن کا آجر employers ایک تقابلی ماحول میں سامنا کرتے ہیں، یہ ضروری ہے کہ ملازمین کو اپنے کام پر توجہ دینے پر ملحوظ رکھا جائے اور وہ طویل مدّت تک ادارے سے مخلص رہیں، ملازمین اُس وقت خود کو بہت زیادہ ادارے سے وقف کرتے ہیں جب انکو یقین ہوتا ہے کہ انکے ادارے انکی بہبود کے بارے میں حقیقتاً کتنا خیال کرتے ہیں، ہم، ای ایف یو گروپ لائف میں، کسی فیکٹری کے فرش سے متعلق یا کسی بورڈ روم سے متعلق، ملازمت پیشہ کی بیمہ زندگی کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے کوشاں ہیں، ایک دوستانہ کسٹمر سروسز اور کام سے مخلص سیلز فورس پر کی موجودگی میں ہم ہمہ وقت آپکو اپنی بہترین توجّہ کا یقین دلاتے ہیں،

### آجر۔اجیر ۔ دونوں مطمئن!

آجر کو مکمل طور پر کسی گروپ کو انشورنس فراہم کرنے سے فائدہ پہنچتا ہے کیونکہ یہ، اجیر کی وفات کی صورت میں یا معذوری کی صورت میں، پریمیم کی کم سے کم رقم کے ذریعے، متاثرہ خاندان کو تلافی کی قانونی ضرورت کو پورا کرتا ہے،

پریمیم، جو کہ ایک آجر ادا کرتا ہے، تمثیلاً ایک کاروباری خرچہ ہے اور ٹیکس کے واجبات کم کرنے کیلئے Expense Account میں بدلا جاسکتا ہے،

ملازمین انفرادی طور پر بیمہ کرانے کے ریٹس کے مقابلے میں گروپ ریٹس کے زیادہ فوائد حاصل کرتے ہیں، گروپ کے حجم، گروپ کی عمر کا پیمانہ، اموات کے سابقہ واقعات اور کاروبار کی نوعیت کے اعتبار سے ریٹس کافی کم بھی ہوسکتے ہیں،

انشورنس کا آسان طور پر بنایا گیا عمل صرف ملازمین کے نام، تاریخ پیدائش، مشاہرے، وغیرہ کی تفصیلات مانگتا ہے، ملازمین کو درخواست فارم بھرنے اور صحت سے متعلق سوالنامے یا طبّی معائنوں کے طویل عوامل سے گزرنے کی ضرورت نہیں پڑتی** خودکار طریقے پر پے رول سے کٹوتیاں (جہاں اطلاق ہوتا ہو)، پریمیم کے ادائیگیوں کا ایک آسان تر راستہ ہے،

**شرائط کا اطلاق ہوتا ہے

بنیادی پلان

ہماری پروڈکٹ ایک سالانہ بنیادی پر قابل تجدید گروپ ٹرم ایشورنس کا معاہدہ ہے جو ملازمین کو تحفظ فراہم کرتا ہے، معاہدہ ایک سال کیلئے کارآمد ہوتا ہے اور ہر سال مکمل ہونے پر اسکی تجدید کی جاتی ہے، کسی ملازم کی وفات کی صورت میں قابل ادائیگی رقم اسکا سم ایشورڈ ہے جو تمام ملازمین کیلئے، تنخواہ یا عہدے کے بنیاد پر یا آجر کی ضروریات کے مطابق شکل دیا گیا ہو، ایک یکساں رقم پر مبنی ہو،

اضافی فوائد ۔ خود ڈھالنا

ای ایف یو گروپ لائف اسکیم آجروں کو یہ سہولت فراہم کرتی ہے کہ وہ اپنی خاص ضروریات کے مطابق، اضافی فوائد کے ایک وسیع دائرہ کار سے انتخاب کر کے، اپنے طور پر ایک پیکیج بنالیں، تمام تحفظات covers ۲۴ گھنٹوں کیلئے کارآمد ہیں اور ان میں آن ڈیوٹی اور آف ڈیوٹی کلیمز claims بھی شامل ہیں،

حادثاتی موت کا فائدہ Accidental Death Benefit

اگر کسی حادثے کے باعث، موت واقع ہوجاتی ہے تو اس فائدے کے تحت، بنیادی سم ایشورڈ (تمثیلاً) دگنا ہوجائے گا،

حادثاتی معذوری کا فائدہ Accidental Disability Benefit

کسی حادثے کے باعث مستقل معذوری ہوجائے تو (ورکمینز کمپینسیشن ایکٹ کے تحت) بنیادی سم ایشورڈ کے ایک خاص فیصد رقم کی ادائیگی کی جائیگی،

قدرتی معذوری کا فائدہ Natural Disability Benefit

یہ منافع اس صورت میں حاصل ہے اگر قدرتی طور پر کوئی ایسی وجوہات پیش آجائیں جن سے مستقبل معذوری کا سامنا کرنا پڑے، تو ایک شیڈول کے مطابق جو لیبر لاز کے مطابق ہے، سم ایشورڈ کی ادائیگی کی جائے گی،

تنخواہ کے تسلسل کا پلان Salary Continuation Plan ۔ اطمینان حاصل کیجئے!

ایک اور اختراعی پروڈکٹ جو ای ایف یو لائف پیش کرتا ہے وہ ہے گروپ سیلری کنٹینیویشن پلان، سیلری کنٹینیویشن پلان ایک معاہدہ ہے جس میں آجر ملازم کی وفات کی صورت میں، اور کچھ حالات میں معذوری کی صورت میں، ملازم کی تنخواہ (یا اسکے کچھ حصے) کا سلسلہ جاری رکھنے پر رضامند ہوتا ہے، ای ایف یو لائف اس فائدے کے لئے تحفظ فراہم کرتی ہے،

یہ فائدہ، سالانہ یا ماہانہ ادائیگیوں کی شکل میں ملازم کے لواحق کو ایک مستقل آمدنی کی فراہمی کیلئے، آجر کی ضروریات کے مطابق تشکیل دیا جاسکتا ہے، اس فائدے کی رقم جس پر رضامندی ہوگی، وہ ایسی ہوگی جو آجر کیلئے بہترین طور پر قابل قبول ہو،

گروپ پروویڈنٹ فنڈ اسکیم ۔ ویلیو مہیا کیجئے!

گروپ پروویڈنٹ فنڈ اسکیم ملازم کے اہل خانہ کو مالی تحفظ فراہم کرتی ہے، اگر خدانخواستہ گھر کے کفیل کی اچانک وفات ہوجائے، اس اسکیم کے تحت بیمہ دار ملازم کے نامزد کردہ کو، ملازم کی وفات پر، پروویڈنٹ فنڈ کے مجموعے کا ایک یقینی گُنا ادا کرنے پر راضی ہوتا ہے، جتنی کم مرحوم کی عمر ہوگی، اتنی ہی زیادہ ادائیگی ہوگی، اور اسکے برعکس، ای ایف یو ایک مختصر رقم پر یہ تحفظ فراہم کرے گی اور اسکے پریمیم کمپنی کے پروویڈنٹ فنڈ سے ادا کئے جاسکتے ہیں، اس تحفظ کے پیچھے یہ خیال کارفرما ہے کہ، اگر ملازم معمول کی زندگی گزار کر ریٹائرمنٹ کی حد تک زندہ رہتا، مرحوم کے اہل خانہ کو فنڈ میں حاصل شدہ مجموعے کا ازالہ کرنا ہے،

لون پروٹیکشن اسکیم ۔ تحفظ زدہ رہئے!

اس اسکیم کے تحت، آجر کی جانب سے ملازمین کو گھر، ٹرانسپورٹ وغیرہ کیلئے دئے جانے والے قرضوں کو ای ایف یو لائف تحفظ فراہم کرتی ہے، کسی ملازم کی وفات کی صورت میں، اسکے بقایا قرضہ ای ایف یو لائف کی طرف سے ادا کیا جائے گا، کسی کی اپنی کمپنی سے قرضہ لینے اور اس کے ساتھ ساتھ اسکا بیمہ کرانے کا ایک منفرد

مرتّب ملازم کو بھی ذہنی سکون فراہم کرتا ہے اور کمپنی کیلیئے اسکے پابند رہنا بھی بڑھتا ہے،

انتہائی شدید قسم کی بیماری کی صورت میں تحفظ ۔ محفوظ رہیں!

اِن روایتی پروڈکٹس کے علاوہ ہم انتہائی شدید قسم کی بیماریوں کیلیئے گروپ انشورنس بھی فراہم کرتے ہیں، ہمیں پاکستان میں پہلی کمپنی ہونے پر فخر ہے جو یہ قابل قدر تحفظ فراہم کر رہی ہے اور وہ بھی مقابلے پر مبنی گروپ پریمیم ریٹس پر، روایتی پالیسیوں کے برعکس جن میں موت یا معذوری کی صورت میں تحفظ حاصل ہے، انتہائی شدید بیماری کا تحفظ سم ایشورڈ کے ایک حصے کی قبل از وقت ادائیگی ہے اگر ملازم درج ذیل دس بیماریوں میں سے کسی ایک کا شکار ہوتا ہے:

۱، دل کا دورہ

۲، کورونری آرٹری سرجری (بائی پاس سرجری)

۳، فالج

۴، کسی بڑے عضو کی تبدیلی

۵، سرطان

۶، اعصابی نظام کا سکڑ جانا

۷، نابینا پن

۸، اسٹروک

۹، گروے فیل ہو جانا

۱۰، بہرہ پن

ہمارے منافعوں میں حصہ حاصل کیجیئے!

جو ریٹ ہم پیش کرتے ہیں وہ کلیمز claims کے ایک خاص (مفروضی) واقعے پر ہوتا ہے، اگر کلیم، اس فرضی ریٹ سے کم ہو، یہ اس سے کمپنی کو ایک ''فائدہ'' حاصل ہوگا، (آپکی آرگنائزیشن کے حجم، اور ملازمین کی کم سے کم تعداد سے مشروط)، اس منافع کا ایک تناسب آپکو مستقبل کے واجب الادا پریمیم میں کمی کے ذریعے، چھوٹ کی شکل میں دیا جائے گا،

ای ایف یو لائف میں، آپ کی اور آپکی کمپنی کی بیمہ زندگی کی تمام ضروریات کیلیئے، ہم ایک ہی جگہ حل پیش کرنے کیلیئے کوشاں ہیں، مسلسل اختراعات سے اور ممتاز رہنے کے ویژن کے ساتھ، ہماری انشورنس پروڈکٹس آپکو ہمہ وقت ہر پریشانی سے دور رکھیں گی، ہم آپ سے معیار کی سروس اور آپکے پیسے کیلیئے غیر مساوی قدر پیش کرنے کا وعدہ کرتے ہیں، چنانچہ آیا وہ آجر ہو کہ اجیر، اپنے لئے، ہمیں زندگی کا تحفظ فراہم کرنے کا موقع دیجیئے،